**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
Central Media Department

# پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

11 دسمبر 2023

## پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا الیکشن کمیشن آف پاکستان سے "بلّے" کے انتخابی نشان کے فوری اجراء کا مطالبہ

- انٹرا پارٹی انتخابات کے حوالے سے الیکشن کمیشن کے فیصلے کیخلاف اپیل پر پشاور ہائیکورٹ کے فیصلے پر اطمینان کا اظہار
- "بلّے" کا انتخابی نشان کروڑوں ووٹرز کی سیاسی شناخت، تحریک انصاف کا حق اور وفاقِ پاکستان کی مضبوطی کا پاسبان ہے۔
- "بلّے" کے انتخابی نشان کے اجراء میں تاخیر گہری تشویش کی باعث اور صاف شفاف انتخابات کے انعقاد میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔
- تکنیکی و غیر تکنیکی اسباب کے ذریعے "بلّے" کا نشان ہتھیا کر جمہوریت کی ساکھ و سلامتی کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچانے کی متعصبانہ، غیر ذمہ دارانہ اور ناقابلِ قبول کوششوں کی اس حد مزاحمت کریں گے۔

## بانی چیئرمین عمران خان کے ویژن کی روشنی میں انتخابات کے حوالے سے جماعت کی انتخابی و سیاسی حکمت عملی پر سیر حاصل گفتگو

Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

- انتخابات سے قبل مکمل طور پر پر امن اور قانون کے دائرے میں رہ کر عوامی کو انتخابات کیلئے تیار کرنے کی مہم آگے بڑھانے پر اتفاق
- پاکستان تحریک انصاف پر امن سیاسی جدوجہد کی بے مثال تاریخ رکھتی ہے۔
- بدترین ریاستی جبر و فسطائیت کے باوجود پوری دلجمعی اور ثابت قدمی سے آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنی سیاسی سرگرمیاں نہایت پر امن انداز میں آگے بڑھائیں گے۔
- تحریک انصاف انتخابات کے التواء کی کوششوں سے واقف ہے، کارکن ان کوششوں پر کڑی نگاہ رکھتے ہوئے انتخابات کی تیاری کریں۔
- شرپسندی و فتنہ گری کی ظاہری اور پوشیدہ کوششوں کے ذریعے انتخابات سے فرار کا موقع دیں گے نہ ایسی کسی کوشش کو کامیاب ہونے دیں گے۔
- مکمل اتحاد و یگانگت سے آگے بڑھیں گے اور انتخابات میں بے مثال کامیابی کے ذریعے آئین و قانون کی بالادستی اور ملک کو معاشی و سیاسی مشکلات سے نکالنے کا جامع پروگرام نافذ کریں گے۔
- الیکشن کمیشن اور زائد المیعاد نگران حکومتیں جبر ترک کر کے صاف شفاف انتخابات کیلئے تمام جماعتوں کیلئے لیول پلیئنگ فیلڈ کا انتظام کریں۔

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ